SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XVI مجریہ 2000

SINDH ORDINANCE NO.XVI OF 2000

سندھ مکانی حکومت انتخابات (دوسری ترمیم) آرڈیننس، 2000

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ELECTIONS (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 2000

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. 2000 کی سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ 18 کی ترمیم
Amendment of section 18 of Sindh Ordinance No.X of 2000
3. 2000 کی سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ 35 کی ترمیم
Amendment of section 35 of Sindh Ordinance No.X of 2000

سندھ آرڈیننس نمبر XVI مجریہ 2000

SINDH ORDINANCE NO.XVI OF 2000

سندھ مکانی حکومت انتخابات (دوسری ترمیم) آرڈیننس، 2000

THE SINDH LOCAL GOVERNMENT ELECTIONS (SECOND AMENDMENT) ORDINANCE, 2000

تمہید (Preamble)

[22 دسمبر 2000]

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ مکانی حکومت انتخابات آرڈیننس، 2000 میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ مکانی حکومت انتخابات آرڈیننس، 2000 میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہوگیا ہے، جو اس طرح ہوگی۔

اور جیسا کہ مکانی حکومت انتخابات آرڈر، 2000 (2000 کے نمبر 8) کے تحت، چیف ایگزیکیوٹو آف پاکستان خوشی سے الیکشن کمشنر کو صوبے میں مکانی انتخابات کرانے کے لئے بااختیار بنایا ہے؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی 14 آکتوبر 1999 والے اعلان کے تحت اور عبوری آئین آرڈر نمبر - 1 موجب معطل ہے؛

اور جیسا کہ گورنر مطئمن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری اقدام لینا ضروری ہے؛

لہذا اس لئے ، مندرجہ بالا اعلان اور عبوری آئین آرڈر کے ساتھ پڑھے 1999 کے عبوری آئین (ترمیم) آرڈر نمبر، 9 اور اس سلسلے میں ملنے والے سارے اختیارات کے استعمال میں لئے آئے گی، سندھ کے گورنر خوشی سے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ فرماتا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ مکانی حکومت انتخابات (دوسری ترمیم) آرڈیننس، 2000 کہا جائے گا۔

(2) یہ فوری طور نافذ ہوگا۔

2000 کی سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ 18 کی ترمیم
Amendment of section 18 of Sindh Ordinance No.X of 2000

2. سندھ مکانی حکومت انتخابات آرڈیننس، 2000 میں، جس کو اس کے بعد بھی متعلقہ آرڈیننس کہا

جائے گا، اس کی دفعہ 18 کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ کا اضافہ کیا جائے گا، یعنی:

"**18A. عارضی آسامی**، (1) اگر کسی ممبر کی سیٹ کائونسل کی آفس کی مدت کے دوراں خالی ہوتی ہے تو ضمنی انتخابات کے ذریعے نیا ممبرمنتخب کیا جائے گا اور ایسا ممبرایسی مدت کے لئے عہدہ ہوگا؛ بشرطیکہ ساری ضمنی انتخابات سال میں ایک بار چیف الیکشن کمشنر کے طرف سے طئی کی گئی تاریخ پرکرائے جائے۔

2000 کی سندھ آرڈیننس نمبر X کی دفعہ 35 کی ترمیم
Amendment of section 35 of Sindh Ordinance No.X of 2000

(2) ناظم کے عہدے کی آسامی آفیشٹنگ ناظم متعلقہ کائونسل کی ممبرز کے طرف سے اکثریتی ووٹنگ کے ذریعے بھرئے گے؛ بشرطیکہ یہ کہ:

(a) اس طرح منتخب نمائندے اس عہدے پر ضمنی انتخابات تک ممبر ہوگا؛

(b) نائب ناظم ضمنی انتخابات کے لئے یا آفیشٹنگ ناظم ہونے کے اہل نہیں ہوگا؛

(c) ناظم کی عارضی غیر حاضری کے موقع پر متعلقہ کائونسل کا نائب ناظم، ناظم کے جگہ سنبھالے گا۔

3. آرڈیننس میں، دفعہ 35 کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ شامل کی جائے گی، یعنی:

"**35A.توہین کرنے پر سزا دینے کا چیف الیکشن کمشنر کا اختیار**، چیف الیکشن کمشنر کو کسی شخص کی عدالت کی توہین کرنے پر ہائی کورٹ والے اختیار حاصل ہونگے اور عدالت کی توہین ایکٹ، 1976 (1976 کی XLVI) تحت اور اس سلسلے میں اتنا اثر ہوگا جیسے"جج"کو ریفرنس"چیف الیکشن کمشنر" کے ریفرنس ہو۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا